# جامعۃ المدینہ وندر بلوچستان

تیار کردہ: وحید احمد عطاری

استاد محترم

علامہ محمد ابراہیم المدنی الحنفی عطاری

[illegible]

Scanned with CamScanner

# کتاب الطہارۃ

سوال 01: نور الایضاح کے مصنف کے حالات آخذ نکات کی روشنی میں تحریر کریں؟

جواب: آپ کا نام حسن کنیت ابو الاخلاص ولدیت عمار اور جد امجد کا نام علی تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ 994ھ میں مصر کے ایک قصبہ شبرابلولہ میں پیدا ہوئے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ 1069ھ 11/ رمضان المبارک کو رحلت فرما گئے

مصنف کا نام: حضرت شیخ حسن بن عمار بن علی رحمۃ اللہ علیہ

سوال: کتنی طرح کے پانیوں سے پاکی حاصل کرنا جائز ہے؟

جواب: سات ایسے پانی ہیں جن سے پاکی حاصل کرنا جائز ہے:

(i) آسمان کا پانی (ii) دریا کا پانی (iii) نہر کا پانی (iv) کنویں کا پانی (v) برف سے پگھلا ہوا پانی (vi) اولوں سے پگھلنے والا پانی (vii) چشمے کا پانی

سوال: طہارۃ کے اعتبار سے پانی کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: طہارۃ کے اعتبار سے پانی کی پانچ اقسام ہیں:

01) پاک ہے پاک کرنے والا ہے مکروہ نہیں۔ یہ مطلق پانی ہے۔

02) پاک ہے پاک کرنے والا ہے لیکن مکروہ ہے یہ وہ پانی ہے جس سے بلی یا اس جیسے جانور نے پیا ہو اور وہ قلیل (تھوڑا) ہو

03) پاک ہے لیکن پاک کرنے والا نہیں یہ وہ پانی ہے جو حدث کو دور کرنے یا حصول ثواب کے لیے استعمال کیا گیا ہے مثلاً: وضو ہونے پر ثواب کی نیت سے وضو کرنا

04) ناپاک پانی اور یہ وہ پانی ہے جس میں نجاست گر جائے

05) ایسا پانی جس کے پاک کرنے میں شک ہو وہ پانی جس سے گدھے یا خچر نے پیا ہو۔

Scanned with CamScanner

سوال: غلبہ سے کیا مراد ہے؟ نیز پانی پر غالب آنے والے اشیاء کی اقسام اور احکام تحریر کریں؟

جواب: غلبہ سے مراد کسی چیز کا دوسرے پر غالب آنا۔ اور پانی پر غالب آنے والی چیزیں دو ہیں: ۱۔ ٹھوس ۲۔ مائع

اگر ٹھوس چیز مل جائے پانی تو پانی پر غلبہ تب شمار ہوگا جب پانی کی رقت اور سیلان کو ختم کر دے۔ اگر مائع چیز پانی میں مل جائے تو مائع چیز کے تین وصف ہونگے یا دو وصف یا کوئی وصف نہیں ہوگا اگر مل جانے والی چیز میں تینوں وصف ہوں تو پانی میں دو وصفوں کا پایا جانا ضروری ہے اگر دو وصف ہو تو ایک وصف کا کا غالب آنا ضروری ہے اگر کوئی وصف نہ ہو تو وزن کا اعتبار کیا جائے گا

سوال: ٹھوس چیزوں کا پانی میں مل جانے کی صورت میں غیر کا غلبہ کب ہوگا؟

جواب: جب پانی پتلا نہ رہے اور نہ ہی جاری ہو سکے کسی ٹھوس چیز کے پانی میں مل جانے کی وجہ سے اس کے تمام اوصاف کا بدل جانا وضو کے جواز کو نہیں روکتا جیسے: زعفران پھل اور درخت کے پتے مل جائیں۔

سوال: اگر بہنے والی چیز پانی میں مل جائے اور اس کے دو وصف ہو تو غلبہ شمار کیا جائے گا؟

جواب: کسی بہنے والی چیز کے پانی میں مل جانے کی صورت میں اگر اس کے دو وصف ہیں تو صرف ایک وصف کے ظاہر ہونے سے غلبہ شمار ہوگا مثلاً: دودھ کا رنگ اور ذائقہ ہے بو نہیں ہے۔

سوال: اگر تین اوصاف ہوں تو کیسے غلبہ شمار کیا جائے گا؟

جواب: اگر تین اوصاف ہوں تو دو وصفوں کا ظاہر ہونا غلبہ کا شمار ہوگا جیسے: سرکہ، سرکہ وغیرہ

Scanned with CamScanner

سوال: اگر کوئی وصف نہ ہو تو کیسے غلبہ شمار کیا جائے گا؟
جواب: اگر پانی میں ایسی بہنے والی چیز مل جائے جس کا کوئی وصف نہیں ہے جیسے: گلاب کا پانی جس کی خوشبو ختم ہو گئی ہو تو وہاں وزن کا اعتبار کیا جائے گا۔
سوال: اگر دو رطل مستعمل پانی میں اور ایک رطل مطلق پانی میں مل جائے تو ان سے وضو کرنا جائز ہے کہ نہیں اگر نہیں تو کب جائز ہے؟
جواب: اگر دو رطل مستعمل پانی میں اور ایک رطل مطلق پانی میں مل جائے تو ان سے وضو کرنا جائز نہیں اس کے برعکس کرنا جائز ہے۔
سوال: جھوٹا پانی کسے کہتے ہیں؟
جواب: قلیل پانی سے جب کوئی حیوان پیئے اسے جھوٹا پانی کہتے ہیں۔
سوال: جھوٹا پانی کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟ وضاحت کریں؟
جواب: جھوٹا پانی کی چار قسمیں ہیں۔
(01) پاک ہے پاک کرتا ہے۔ یہ وہ پانی ہے جس سے آدمی، گھوڑا یا وہ جانور پیئں جن کا گوشت کھایا جاتا ہو۔
(02) ناپاک ہے۔ اس کا استعمال جائز نہیں یہ وہ پانی ہے جس کتا، سور یا پھاڑنے والے درندے مثلاً چیتا اور بھیڑیا وغیرہ نے پیا ہو
(03) اس کا استعمال مکروہ ہے جب اس کے علاوہ پانی موجود ہو وہ پانی جس بلی گلیوں میں پھرنے والی مرغی پھاڑنے والے پرندے مثلاً شکرا باز اور چیل اور گھریلو جانور جیسے چوہا نہ بچھو ان سب کا جھوٹا مکروہ ہے۔
(04) مشکوک: ایسا پانی جس کے پاک کرنے میں شک ہے یہ خچر اور گدھے کا جھوٹا ہے

Scanned with CamScanner

سوال: اگر مشکوک پانی کے علاوہ نہ پائے تو کیا کرے؟

جواب: اگر مشکوک پانی کے علاوہ نہ پائے تو اس کے ساتھ وضو کرے اور تیمم بھی کرے پھر نماز پڑھے

سوال: پاک اور ناپاک برتن اور کپڑے آپس میں مل جائیں تو کیا حکم ہے؟

اگر کچھ برتن مل جل جائیں اور ان میں سے اکثر ناپاک ہوں۔ تو وضو کرنے اور پینے کے لیے غور و فکر کرے اگر زیادہ برتن ناپاک ہوں تو صرف پینے کے لیے سوچ بچار کرے اور ملے جلے کپڑوں میں غور و فکر کرے چاہے ان میں سے زیادہ پاک ہوں یا ناپاک

سوال: کنویں اگر نجاست گر جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر چھوٹے کنویں میں نجاست گر جائے تو پورا کنواں خالی کیا جائے گا اگرچہ نجاست کم ہو علاوہ مینگنوں کے۔ (چھوٹے کنویں سے مراد اس میں دہ دردہ سے کم پانی ہو)

سوال: کن کن صورتوں میں کنویں کو پاک کرنے کیلئے کنویں کا تمام پانی نکالا جائے گا

جواب: خون کا قطرہ، شراب کا قطرہ گر جائے یا زندہ خنزیر جسکا کا منہ پانی کو نہ پہنچا ہو اور کوئی جانور پانی میں گر کر پھول جائے اگرچہ چھوٹا ہو جب کنویں کو خالی کیا جائے گا اور کتا، بکری یا آدمی گر کر مر جائے تو بھی خالی کیا جائے گا اگر خالی کرنا ممکن نہ ہو تو دو سو ڈول نکالا جائے گا۔

سوال: مرغی یا چوہا وغیرہ کنویں میں گر جائے تو کیسے پاک کیا جائے گا؟

جواب: مرغی یا چوہا یا ان دونوں مثل جانور گر جائے تو چالیس ڈول نکالا جائے گا

اگر مرغی ہو تو چالیس اگر چوہا ہو تو بیس ڈول نکالا جائے گا۔

سوال: کن کن جانداروں کی بیٹ گرنے سے کنواں ناپاک نہیں ہوتا؟
جواب: کبوتر اور چڑیا کی بیٹ سے پانی ناپاک نہیں ہوتا اور ایسی

سوال: کن کن کے گرنے سے ناپاکی کا حکم نہیں دیا جائے گا؟
جواب: وہ جانور جس کے جسم میں خون نہ ہو مثلاً: مچھلی، مینڈک

سوال: استنجاء کا لغوی معنی بتائیے؟
جواب: استنجاء کا لغوی معنی ہے "نجاست دور کرنا" "پاکیزگی حاصل کرنا" ہیں

سوال: استنجاء کب فرض، واجب یا سنت ہوتا ہے؟
استنجاء اس نجاست سے سنت ہے جو دو راستوں میں سے ایک سے نکلے اور نکلنے کی جگہ سے تجاوز نہ کرے۔ اگر ایک درہم کی مقدار تجاوز کر جائے تو پانی کے ساتھ دور کرنا واجب اور اگر درہم سے زیادہ بڑھ جائے تو اس کا دھونا فرض ہے۔

سوال: گرمی اور سردی میں مٹی کے ڈھیلے سے مرد و عورت کے استنجاء کی کیفیت بیان کریں؟
جواب:
مرد کے استنجاء کرنے کا طریقہ
وہ یہ کہ پہلے پتھر کے ساتھ آگے سے پیچھے کی طرف پونچھے دوسرا پتھر کے ساتھ پیچھے سے آگے کی طرف اور تیسرے کے ساتھ آگے سے پیچھے کی طرف جبکہ خصیے لٹکے ہوئے ہوں اگر نہ ہوں تو پیچھے سے آگے کی طرف ابتداء کرے
عورت کے استنجاء کرنے کا طریقہ
عورت کی شرم گاہ کے آلودہ ہونے کے خوف سے ہمیشہ آگے سے پیچھے کی طرف صاف کرے

سوال: اگر کسی کو استنجاء کیلئے باپردہ جگہ نہ ملے تو وہ کیا کرے گا؟
جواب: اگر کسی کو استنجاء کیلئے باپردہ جگہ نہ ملے تو وہ تو ستر ننگا کیے بغیر نجاست دور کرنے کا حیلہ کرے۔ (کوئی طریقہ اختیار کرے) جبکہ اس کو کوئی دیکھ رہا ہو

سوال: وضو کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟
جواب: وضو کے تین اقسام ہیں:
فرض
واجب
مستحب

سوال: مرد کیلئے پاکیزگی حاصل کرنا کب ضروری ہے؟
جواب: مرد کے لیے پاکیزگی حاصل کرنا ضروری ہے یہاں تک کہ پیشاب کا اثر ختم ہو جائے اور عادت کے مطابق دل مطمئن ہو جائے۔ چاہے وہ چلنے کے ساتھ ہو یا کھانسنے کے ساتھ یا لیٹنے وغیرہ کے ساتھ

سوال: وضو کے فرائض کون کون سے ہیں؟
جواب: چہرہ دھونا، کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کا دھونا، ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا، چوتھائی سر کا مسح کرنا

سوال: چہرے کی مکمل حد بیان کریں؟
جواب: چہرہ لمبائی میں اس کی حد پیشانی کی ابتدائی سطح سے لیکر ٹھوڑی کے نیچے تک ہے اور چوڑائی میں اس کی حد وہ جگہ ہے جو دونوں کانوں کی لو کے درمیان ہے۔

سوال: وضو کے فرائض کو آیت قرآنی سے ثابت کریں؟

Scanned with CamScanner

سوال: وضو میں کتنی چیزیں سنت ہیں؟

جواب: وضو میں اٹھارہ چیزیں سنت ہیں جو درج ذیل ہیں (01) ابتداء میں بسم اللہ پڑھنا (02) دونوں ہاتھوں کو کلائیوں تک دھونا (03) شروع میں مسواک کرنا (04) تین بار کلی کرنا اگرچہ ایک چلو پانی کے ساتھ ہو (05) تین چلوؤں کے ساتھ ناک میں پانی چڑھانا (06) غیر روزے دار کا اچھی طرح کلی کرنا اور ناک میں نرم ہڈی تک پانی چڑھانا (07) ایک چلو کے ساتھ نیچے کی طرف سے (گلے کی طرف سے) گھنی داڑھی کا خلال کرنا (08) انگلیوں کا خلال کرنا (09) ہر اعضاء کو تین بار دھونا (10) ایک بار سارے سر کا مسح کرنا (11) کانوں کا مسح کرنا (12) اعضاء کو ملنا (13) پے در پے دھونا (14) نیت کرنا (15) ترتیب سے وضو کرنا (16) دائیں طرف سے انگلیوں کے سروں سے شروع کرنا (17) سر کے اگلے حصے سے شروع کرنا (18) گردن کا مسح کرنا نہ کہ گلے کا

سوال: یہ بتائیں کہ اگر جسم سے خون ظاہر ہو کر اسی جگہ ٹھہرا رہے تو وضو باقی رہے گا یا نہیں؟

جواب: جسم سے خون ظاہر ہو کر اسی جگہ ٹھہرا رہے تو وضو باقی ہے

سوال: وہ کون سی باتیں ہیں جن سے وضو نہیں ٹوٹتا؟

جواب: (01) خون یا پیپ کا ظاہر ہونا جو اپنی جگہ سے جاری نہ ہوا ہو (02) خون جاری ہوئے بغیر جسم سے گوشت کا گرنا (03) زخم، کان اور ناک سے کیڑے کا نکلنا (04) ستر کو ہاتھ لگانا (05) قے جو منہ بھر کر نہ ہو (06) آلہ تناسل کو ہاتھ لگانا (07) بلغم کی قے اگرچہ زیادہ ہو (08) سوئے ہوئے آدمی کا جھک جانا کہ زمین سے مقعد کے اٹھ جانے کا محض احتمال ہو یقین نہ ہو

سوال: وضو کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں؟

(01) اعضاء وضو پر پانی کا پہنچ جانا (02) جو چیز وضو کے خلاف ہے مثلاً حیض نفاس اور حدث وغیرہ کا ختم ہو جانا (03) جو چیز جسم تک پانی کے پہنچنے میں رکاوٹ بنتی ہے اس کا دور ہونا مثلاً موم اور چربی

سوال: ناخن یا پالش کی صورت میں وضو ہونا یا نہ ہونے کی وجہ ارشاد فرمائیں؟

جواب: عورتیں ناخنوں پر ناخن پالش لگاتی ہیں۔ اس کی وجہ سے بھی پانی نہیں پہنچتا۔ اور یہی وضو نہ ہونے کی وجہ ہے۔

سوال: کن کن امور کیلئے غسل سنت ہے؟

جواب: جمعہ کی نماز کیلئے، عیدین کی نماز کیلئے، حج یا عمرہ کا احرام باندھنے کیلئے حج کرنے والوں کے لیے میدان عرفات میں زوال کے بعد غسل کرنا سنت ہے۔

سوال: وضو کے واجب ہونے کی شرائط بیان کریں؟

جواب: سمجھدار ہونا، بالغ ہونا، مسلمان ہونا، کافی پانی کے استعمال پر قادر ہونا، حدث کا پایا جانا، حیض اور نفاس کا نہ ہونا، اور وقت کا تنگ ہونا

سوال: بے وضو کا قرآن کو چھونا کس دلیل سے منع ہے؟

جواب: آیت قرآنی سے ثابت ہے "لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ"

ترجمہ: کوئی بھی قرآن کو نہ چھوئے مگر پاکی کی حالت میں۔ اس سے پتہ چلا کہ بے وضو کا قرآن کو چھونا منع ہے۔

سوال: غسل کب فرض ہوتا ہے؟

جواب: (01) منی کا خارج ہونا شہوت کے ساتھ (02) آلہ تناسل کا اگلا حصہ (حشفہ) زندہ آدمی کے دونوں راستوں میں سے کسی ایک میں چھپ جانا

(03) مردے یا جانور کے ساتھ وطی کرنے کی صورت میں منی کا نکلنا

Scanned with CamScanner

(04) نیند سے بیدار ہونے کے بعد پتلے پانی کا پانا جبکہ سونے سے پہلے آلہ تناسل
منتشر نہ ہو (05) نشے اور بے ہوشی سے ٹھیک ہونے کے بعد رطوبت کا پانا جس سے وہ
منی خیال کرتا ہے (06) حیض اور (07) نفاس سے فارغ ہونے کے بعد

سوال: کن کن باتوں سے غسل فرض نہیں ہوتا؟

جواب: دس چیزوں سے غسل فرض نہیں ہوتا۔
(1) مذی (2) ودی (3) رطوبت کے بغیر احتلام (04) بچے کی پیدائش
کے بعد خون نہ دیکھا گیا یہ صحیح مذہب کے مطابق ہے (05) آلہ تناسل کو ایسے
کپڑے کے ساتھ اندر داخل کرنا (شرمگاہ میں) جو حصول لذت کو مانع ہو۔
(06) پچکاری کرانا (07) انگلی یا مثل انگلی کو دو راستوں میں سے ایک میں
داخل کرنا (08) جانور یا مردے سے وطی کرنا (09) کنواری لڑکی سے جماع کرنا
جس کا پردہ بکارت زائل نہ ہو انزال نہ ہونے کی صورت میں

سوال: منی، ودی اور مذی کی تعریف کریں؟

جواب: منی: جو انسان کے بدن سے شہوت کے ساتھ نکلتا ہے۔
مذی: یہ سفید پتلا پانی ہوتا ہے جو شہوت کے وقت نکلتا ہے لیکن شہوت
کے ساتھ اچھل کود کر نہیں نکلتا۔
ودی: یہ سفید رنگ کا لیس دار مادہ ہوتا ہے جو پیشاب کے بعد نکلتا ہے۔

سوال: احتلام سے کب غسل فرض ہوتا ہے؟

جواب: سونے سے بیدار ہونے کے بعد تری کا پایا جانا جبکہ سونے سے پہلے
آلہ تناسل منتشر نہ ہو (کھڑا نہ ہو)

سوال: تیمم کا لغوی معنی کیا ہے؟

جواب: تیمم کا لغوی معنی قصد اور ارادہ کرنا ہے اور اصطلاح شرع میں پاک
مٹی سے چہرے اور ہاتھوں کا مسح کرنا ہے

Scanned with CamScanner

سوال: تیمم کا سبب اور شرائط بیان کریں؟
جواب: تیمم کا سبب اور واجب ہونے کی شرائط وہی ہے جو وضو کی ہیں
شرائط = (01) نیت کرنا
سوال: تیمم میں نیت کیوں ضروری ہے جبکہ وضو میں ضروری نہیں؟
فرق کی وجہ بیان کریں؟
جواب: وضو میں نیت فرض نہیں جبکہ تیمم میں شرط ہے اس کی وجہ یہ کہ وضو پانی سے ہوتا ہے جو اپنی خلقت سے پاک کرتا ہے۔ لہٰذا وہاں نیت ضروری نہیں جبکہ مٹی خود پاک کرنے والی نہیں لہٰذا جب مٹی سے طہارت حاصل کرنا ہو تو نیت ضروری ہے۔
سوال: تیمم کے کتنے اور کونسے فرائض ہیں؟
جواب: تیمم کے دو فرائض ہیں۔
(01) دونوں ہاتھوں اور (02) چہرے کا مسح کرنا
سوال: تیمم کن کن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے؟
جواب: جو چیزیں وضو کو توڑتی ہیں ان سے تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہے اور کافی پانی کے قادر ہونے پر تیمم ٹوٹ جاتا ہے۔
سوال: وضو اور غسل کے تیمم میں کیا فرق ہے؟
جواب: وضو اور غسل کے تیمم میں فرق صرف نیت کا ہے
سوال: تیمم کرنا کن کن چیزوں سے جائز ہے؟
تیمم کرنا جنس زمین سے جائز ہے مثلاً مٹی - ریت - چونا
س: جنس زمین کیا مراد ہے؟
جواب: جنس زمین سے مراد وہ چیز ہے جو آگ سے جلانے سے نہ تو پگھل جائے اور نہ ہی جل کر راکھ ہو جائے۔

سوال: کیا درخت جنس زمین سے ہے؟ اگر ہے تو اس سے تیمم کیوں جائز نہیں؟

جواب: درخت جنس زمین سے ہے اس سے تیمم اسی لیے جائز نہیں کیونکہ وہ جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔

سوال: کن نمازوں کیلئے تیمم کی اجازت ہے؟

جواب: نماز جنازہ اور عیدین کی قضا نہیں لہٰذا ان نمازوں تیمم کی اجازت ہے!

سوال: حدث اصغر اور حدث اکبر سے کیا مراد ہے؟

جواب: حدث اصغر سے مراد بے وضو ہونا ہے۔ حدث اکبر یعنی وہ شخص جو بے غسل ہو۔

سوال: موزوں پر مسح کن کن شرائط کے ہوتے ہوئے جائز ہے؟

جواب: موزوں پر مسح کے جائز ہونے کی سات شرطیں ہیں:

~~(01) دونوں پاؤں پہننے کے~~

(01) دونوں پاؤں دھونے کے بعد موزے پہننا اگرچہ وضو مکمل کرنے سے پہلے ہو جب کسی ایسی چیز کے پائے جانے سے پہلے وضو مکمل کر لے جو وضو کو توڑ دیتی ہے

(02) موزوں سے ٹخنے چھپ جائیں (03) موزوں کو پہن کر لگاتار چلنا ممکن ہو

(04) کوئی موزہ پاؤں کی چھوٹی انگلی کے مطابق تین انگلیوں کے برابر یا اس سے زیادہ پھٹا ہوا نہ ہو (05) موزوں کا پنڈلی پر باندھے بغیر رکنا (06) ان کا بدن تک پانی کے پہنچنے سے مانع ہونا (07) ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے مطابق تین انگلیوں کے برابر قدم کا اگلا حصہ کا ہونا۔

سوال: موزوں پر مسح کی مدت مقیم اور مسافر کیلئے کتنی ہے اور یہ مدت کب سے شروع ہوتی ہے؟

جواب: مقیم آدمی ایک دن اور ایک رات مسح کر سکتا ہے جبکہ مسافر تین دن رات مسح کرے یہ مدت اس وقت شروع ہوگی جب موزے پہننے کے بعد بے وضو ہوگا

Scanned with CamScanner

سوال: موزوں کا مسح کس وقت ٹوٹ جاتا ہے؟
جواب: چار چیزیں موزے پر مسح کو توڑ دیتی ہیں:
(01) ہر وہ چیز جو وضو کو توڑ دیتی ہے۔
(02) موزہ اتار دینا اگرچہ قدم کا زیادہ حصہ موزے کی پنڈلی کی طرف نکلنے سے ہو
(03) موزے میں کسی ایک قدم کے زیادہ حصے تک پانی کا پہنچنا
(04) مدت کا پورا ہو جانا اگر سردی کی وجہ سے پاؤں کو شدید نقصان کا خطرہ نہ ہو
سوال: حیض، نفاس اور استحاضہ کی تعریف کریں؟
جواب: حیض: یہ وہ خون ہے جسے ایسی بالغ عورت کا رحم باہر پھینکتا ہے جو بیمار اور حاملہ نہیں
نفاس: نفاس وہ خون ہے جو بچے کی پیدائش کے بعد نکلتا ہے
استحاضہ:
یہ وہ خون ہے حیض کی صورت میں تین دنوں سے کم اور دس دنوں سے زیادہ ہو جبکہ نفاس کی صورت میں چالیس دنوں سے زائد ہو۔
سوال: کن کن عورتوں کو حیض نہیں آتا؟
جواب: نابالغہ عورت کو حیض نہیں آتا اور وہ عورت جو ناامیدی کی عمر کو پہنچا ہو۔ یعنی پچپن سال سے زائد عمر والی عورت
سوال: نجاست کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟
جواب: نجاست کی دو قسمیں ہیں
← نجاست غلیظہ نجاست خفیفہ

سوال: نجاست غلیظہ اور خفیفہ کی تعریف کریں؟ اور یہ بھی بتائیں اشکال کا مسئلہ

جواب: نجاست غلیظہ:

نجاست غلیظہ وہ ہے جس کے بارے میں وارد نص کے مقابلے میں کوئی نص نہ ہو اگر مقابلے میں نص آجائے تو وہ نجاست خفیفہ ہو جائے گی۔

نجاست خفیفہ:

~~نجاست خفیفہ کے اگر مقابلے~~

نجاست خفیفہ وہ ہے جس کے بارے میں وارد نص کے مقابلے میں کوئی نص آجائے تو وہ نجاست خفیفہ ہے

سوال: نجاست مرئیہ اور غیر مرئیہ کو دور کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب:

نجاست مرئیہ کو دور کرنے کا طریقہ:

دکھائی دینے والی نجاست سے ناپاک ہونے والی چیز خاص نجاست کو دور کرنے سے پاک ہوتی ہے۔ اگرچہ ایک مرتبہ ہو

نجاست غیر مرئیہ کو دور کرنے کا طریقہ:

نہ دکھائی دینے والی نجاست سے ناپاک ہونے والی چیز کے ساتھ تین مرتبہ دھونے اور ہر بار نچوڑنے سے پاک ہوتی ہے۔

Scanned with CamScanner